
# اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

## ترجمہ قرآن مجید نہم

نیشنل کریکولم آف پاکستان

2022-2023

Inclusive Scheme of Studies 2024




فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ
اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد

**WE WORK FOR EXCELLENCE**

فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

برائے

# ترجمۂ قرآنِ مجید جماعت نہم

کریکولم ۲۳-۲۰۲۲ء

(Inclusive Scheme of Studies 2024)

# اظہارِ تشکر


اسیسمنٹ فریم ورک برائے اسلامیات (لازمی) کی تیاری کے سلسلے میں جن ماہرین نے مسلسل محنت کی ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. ڈاکٹر ادریس اسد، ڈائریکٹر (اکیڈمک)، پاکستان انسٹیٹوٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد
2. سہیل بن عزیز، ڈائریکٹر نیشنل رحمۃ للعالمین وخاتم النبیین اتھارٹی، اسلام آباد
3. ڈاکٹر حافظ محمد یونس، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد کالج برائے طلباء، جی سکس تھری، اسلام آباد
4. ہمایوں عبداللہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلباء، آئی ایٹ تھری، اسلام آباد
5. حافظ روح الامین، لیکچرار، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز، جی ٹین فور، اسلام آباد
6. قاری سید الرحمن، لیکچرار، فضائیہ انٹر کالج، نور خان، راولپنڈی
7. عالیہ ریاض، سینئر لیکچرار، او پی ایف گرلز کالج، ایف ایٹ ٹو، اسلام آباد
8. سارہ مسعود، کوآرڈینیٹر آرمی پبلک سکول اینڈ کالج سسٹم سیکرٹریٹ، راولپنڈی
9. سیدہ ناہیدہ کاظمی، لیکچرار، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج، فورٹ روڈ، راولپنڈی
10. سلمیٰ فاروق، لیکچرار، اسلام آباد کانونٹ سکول، ایچ ایٹ فور، اسلام آباد

اس موقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب ڈاکٹر اکرام علی ملک کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کے شعبہ ریسرچ، خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں جن کا اس حوالے سے فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر (ٹیسٹ ڈیویلپمنٹ)**

# اسیسمنٹ فریم ورک ترجمۃ قرآنِ مجید ۲۰۲۲-۲۳ء

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید ترین تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمر بستہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلاتِ تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرینِ مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ اس تناظر میں وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرِ فہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے تشکیل کنندہ (Paper Setter) کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے Inclusive Scheme of Studies 2024 کے مطابق ترجمۂ قرآنِ مجید برائے جماعت نہم کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی جانچ (Formative Assessment) و حتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے تشکیل کنندہ (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہنمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو معلوم ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تشکیل میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہنما کا کردار ادا کرے گا۔ اسیسمنٹ فریم ورک کی تشکیلی و حتمی جانچ کی تیاری میں ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا۔ محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلاتِ تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ(Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment)تعلیمی عمل کاایک اہم عنصر ہے،جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت(Class Room)میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلیم کامؤثر جائزہ پیش کرتاہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جوکہ طلبہ کے فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کار آمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمتِ عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate)کااجرانہیں کیاجاتابلکہ اس کابنیادی مقصد تعلم کے مؤثریاغیر مؤثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرناہوتاہے۔

تشکیلی جانچ کابنیادی مقصد تعلیم و تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرناہوتاہے تاکہ بروقت اقدامات کرکے ان کی تلافی کی جاسکے اورپڑھانے کے عمل کو بہتر بنایاجاسکے۔یہ مؤثراور متحرک طریقہ کاراساتذہ کرام کواپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیےاپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتاہے۔ مثال کے طورپر ذہنی آزمائش کے سوالوں یاکلاس میں بحث و مباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتاہے کہ کلاس کے کتنے طلبہ کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کررہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اوراضافی توضیحات کے ساتھ یاکسی تدریسی تعامل کی مددسے اپنے موضوعِ تدریس پر نظرِثانی کی کس حدتک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اورگہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جن میں کمرۂ جماعت میں بحث ومباحثہ، مشاہدات اورزبانی سوالات وجوابات وغیرہ جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کادروازہ کھول دیتاہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروفِ کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت (Class Room)میں سیکھنے کے عمل کے لیے سازگارماحول پیداکرنے کے حوالے سے نمایاں کردارادار کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایساطاقت ورپیمانہ ہے جسے مؤثر طریقے سے نافذالعمل کرکے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیاجاسکتاہے۔یہ طلبہ اوراساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہےاورایک ایساسازگارماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کاعمل دوچند ہوجاتاہے۔

# حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ (Summative Assessment)تعلیمی سر گرمیوں کاایک ایسابنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے(سیشن)کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کار کردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے بر عکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تعلیم و تعلم کی مجموعی کار کردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند (Certificate)کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے۔اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کار کردگی وصلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate)حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کار کردگی، سند یافتگی یا تعلیم و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تعلیم و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کار گردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ تعلیم و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کار کردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کار کردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت مؤثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

# تعظیمی عبارات کے حوالے سے اہم ہدایات

درس وتدریس اور امتحانی پرچہ جات کی تشکیل کے عمل کے دوران تعظیمی و تکریمی عبارات کے حوالے سے درج ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

1. خالقِ کائنات کے لیے اللہ تعالیٰ لکھا جائے۔
2. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم پورا لکھا جائے۔
3. نبی کریم یا اسمِ ضمیر (آپ) کی صورت میں خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم لکھا جائے۔
4. نبی کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھا جائے۔
5. صحابئ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا جائے۔
6. صحابیہٴ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لکھا جائے۔
7. بزرگ، ولی، محدث، فقیہ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھا جائے۔
8. رمضان کی جگہ رمضان المبارک لکھا جائے۔
9. مکہ کی جگہ مکہ مکرمہ لکھا جائے۔
10. مدینہ کی جگہ مدینہ منورہ لکھا جائے۔
11. قرآن کی جگہ قرآنِ مجید لکھا جائے۔
12. دیگر آسمانی کتب کے ساتھ مقدس لکھا جائے۔
13. حدیث کی جگہ حدیثِ مبارکہ لکھا جائے۔

# ہدایات برائے درس وتدریس اور جائزہ (امتحان)

1. Inclusive Scheme of Studies 2024 کے مطابق جماعت نہم میں ترجمۂ قرآنِ مجید کا 50 نمبر پر مشتمل الگ سے امتحانی پرچہ لیا جائے گا۔ ترجمہ قرآنِ مجید قومی نصاب 23-2022 کے دائرہ کار نمبر 1 (الف) میں شامل ہے۔

2. 23-2022 کے نصاب میں دائرہ کار نمبر 1(الف) ترجمۂ قرآنِ مجید کے حاصلِ تعلم (Learning Outcome) اور اس کے ذیلی وقوفی (Cognitive) حاصلاتِ تعلم (Learning Outcomes) جو کہ **"علم"** کے عنوان کے تحت درج ہیں اور جن کا امتحان قلم اور کاغذ سے لیا جاسکتا ہے صرف وہ تکمیلی جائزے (Summative Assessment) یا بورڈ کے امتحان کا حصہ ہوں گے۔ مگر **"صلاحیت"** کے عنوان کے تحت درج، ذیلی حاصلاتِ تعلم جن کا قلم اور کاغذ کے ذریعہ سے امتحان ممکن نہیں ہے وہ تشکیلی جانچ (Formative Assessment) اور درس وتدریس کا حصہ تو ضرور ہوں گے تاہم تکمیلی جائزے (Summative Assessment) یا بورڈ کے امتحان کا حصہ نہیں ہوں گے۔

3. جماعت نہم کے لیے **"علم"** کے عنوان کے تحت درج، ذیلی حاصلاتِ تعلم (Learning Outcomes) درج ذیل ہیں جو کہ تکمیلی جائزے (Summative Assessment) کا حصہ ہوں گے اور جن کو مدِ نظر رکھ کر شاملِ نصاب سترہ (17) سورتیں پڑھائی ہیں۔

طلبہ شامل نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ :

- [SLO: I -09-A-01] مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔
- [SLO: I -09-A-02] سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔
- [SLO: I -09-A-03] مذکورہ سورتوں کا با محاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔
- [SLO: I -09-A-04] سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔

4. 2022-23 کے قومی نصاب کے مطابق جماعت نہم کا ترجمۂ قرآنِ مجید کا نصاب درج ذیل سترہ (17) سورتوں پہ مشتمل ہے۔

## ترجمۂ قرآنِ مجید میں شاملِ نصاب سورتیں

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | سُوْرَةُ مَرْيَمَ | 02 | سُوْرَةُ طٰهٰ | 03 | سُوْرَةُ الْأَنْبِيَاءِ | 04 | سُوْرَةُ الحج | 05 | سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ |
| 06 | سُوْرَةُ الشُّعَرَاءِ | 07 | سُوْرَةُ النَّمْلِ | 08 | سُوْرَةُ الْقَصَصِ | 09 | سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوتِ | 10 | سُوْرَةُ الرُّومِ |
| 11 | سُوْرَةُ لُقْمٰنَ | 12 | سُوْرَةُ السَّجْدَةِ | 13 | سُوْرَةُ سَبَا | 14 | سُوْرَةُ فَاطِرٍ | 15 | سُوْرَةُ يسٓ |
| 16 | سُوْرَةُ صٓ | | | | | 17 | سُوْرَةُ الْأَحْقَافِ | | |

# ہدایات برائے پرچہ ترجمۂ قرآنِ مجید

1. شاملِ نصاب سورتوں کا شانِ نزول اور تعارف کلاس میں پڑھایا جائے گا اور امتحان میں ذیلی حاصلِ تعلم نمبر SLO-I-09-A-01 کے مطابق کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) اور مختصر جواب والے سوالات (SRQs) دیے جائیں گے۔
2. ذیلی حاصلِ تعلم نمبر SLO-I-09-A-02 کے مطابق منتخب کردہ اسی (80) الفاظ اور اُن کے معانی بطورِ ضمیمہ دیے جا رہے ہیں جن میں سے کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) اور مختصر جواب والے سوالات (SRQs) پرچے کا حصہ ہوں گے۔

3. شامل نصاب تمام سورتوں میں سے ذیلی حاصلِ تعلم نمبرSLO-I-09-A-03 کے مطابق آیات اور ان کے بامحاورہ ترجمہ پر مبنی تفہیمی نوعیت کے سوالات پرچے میں پوچھے جائیں گے۔

4. ذیلی حاصلِ تعلم نمبرSLO-I-09-A-04 کے مطابق شاملِ نصاب سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی منتخب مضامین کا ضمیمہ تیار کیا گیا ہے جس میں سے مفصل جواب والے سوالات (ERQs) امتحان میں پوچھے جائیں گے۔ منتخب مضامین کا ضمیمہ اسیسمنٹ فریم ورک کا حصہ ہے۔

## شاملِ نصاب سورتوں کے منتخب الفاظ کا ضمیمہ اور ان کے معانی

**جماعت نہم کے لیے مختص سترہ (17) سورتوں میں سے درج ذیل منتخب کردہ اسی (80) الفاظ اور ان کے معانی شاملِ نصاب ہوں گے۔**

| سورت کا نام | نمبر شمار | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| 01<br>سُوْرَةُ مَرْيَمَ | 1. | اَلْعَظْمُ | ہڈیاں |
| | 2. | غُلٰم | لڑکا |
| | 3. | مُبٰرَكًا | بابرکت |
| | 4. | اَنْذِرْ | خبردار کر/ڈرا |
| | 5. | اَضَاعُوا | انہوں نے ضائع کیا |
| 02 | 6. | اَلسَّمٰوٰتِ | آسمان (جمع) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| راز | اَلسِّرَّ | 7. | سُورَۃُ طٰہٰ |
| جاؤ | اِذْهَبْ | 8. | |
| اس نے سرکشی کی | طَغٰی | 9. | |
| وہ نصیحت قبول کرتا ہے/کرے گا | يَتَذَكَّرُ | 10. | |
| منہ موڑنے والے | مُعْرِضُونَ | 11. | 03- سُوْرَۃُ الْأَنْبِيَاءِ |
| جادو | اَلسِّحْرَ | 12. | |
| رات | اَلَّيْل | 13. | |
| دن | اَلنَّهَارَ | 14. | |
| جانتا ہے/جانے گا | يَعْلَمُ | 15. | |
| ستارے | اَلنُّجُوْمُ | 16. | 04- سورة الحج |
| پہاڑ | اَلْجِبَالُ | 17. | |
| درخت | اَلشَّجَرُ | 18. | |
| سجدہ کرو | اُسْجُدُوا | 19. | |
| جہاد کرو | جَاهِدُوا | 20. | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 05<br>سُوْرَۃُ الْفُرْقَانِ- | 21. | اٰلِهَۃ | معبود |
| | 22. | كَنز | خزانہ |
| | 23. | أَسَاطِيرُ | کہانیاں |
| | 24. | يَرْجُونَ | وہ امید رکھتے ہیں/رکھیں گے |
| 06-<br>سُوْرَۃُ الشُّعَرَاءِ | 25. | جُنُودٌ | لشکر |
| | 26. | لِسَانٍ | زبان |
| | 27. | نَاقَۃ | اونٹنی |
| | 28. | يَخْتَصِمُوْنَ | وہ جھگڑتے ہیں/جھگڑیں گے |
| | 29. | تَعْبُدُوْنَ | تم عبادت کرتے ہو/کرو گے |
| 07-<br>سُوْرَۃُ النَّمْلِ | 30. | بَيْضَآءَ | چمکتا ہوا/سفید |
| | 31. | اَلطَّيْر | پرندے |
| | 32. | زَيَّنَّا | ہم نے خوشنما کردیا |
| | 33. | يُقِيْمُوْنَ | وہ قائم کرتے ہیں/کریں گے |
| | 34. | جَحَدُوْا | انہوں نے انکار کیا |
| 08- | 35. | طَآئِفَۃً | گروہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سُوْرَةُ الْقَصَصِ | .36 | اَلْاَرْض | زمین |
| | .37 | فُؤَادُ | دل |
| | .38 | نَتْلُوْا | ہم پڑھتے ہیں/پڑھیں گے |
| | .39 | يُذَ بِّحُ | ذبح کرتا ہے/کرے گا |
| -09<br>سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوتِ | .40 | اَلسَّيِّاٰت | برائیاں/گناہ |
| | .41 | اَلْبَلٰغُ | پیغام پہنچانا |
| | .42 | اٰمَنَّا | ہم ایمان لائے |
| | .43 | اُشْكُرُوْا | شکر گزاری کرو |
| | .44 | لَنَجْزِيَنَّ | ہم ضرور بدلہ (جزا) دیں گے |
| -10<br>سُورَةُ الرُّومِ | .45 | عَاقِبَةُ | انجام |
| | .46 | غُلِبَتِ | وہ مغلوب ہو گئی/شکست کھا گئی |
| | .47 | لَمْ يَسِيْرُوْا | انہوں نے سیر نہیں کی/چل پھر کر نہیں دیکھا |
| | .48 | لِّتَسْكُنُوْٓا | تاکہ تم سکون پاؤ |
| | .49 | يَنْصُرُ | وہ مدد کرتا ہے/کرے گا |
| -11 | .50 | اَلْحَكِيْمِ | حکمت/دانائی والا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| سُوْرَۃُ لُقْمٰنَ | 51. | اَلْمُفْلِحُوْنَ | فلاح/کامیابی پانے والے |
| | 52. | اَنْزَلْنَا | ہم نے نازل کیا/اتارا |
| | 53. | یُوْقِنُوْنَ | وہ یقین کرتے ہیں/کریں گے |
| | 54. | بَشِّرْ | خوشخبری دو |
| 12- سُوْرَۃُ السَّجْدَۃِ | 55. | اَلسَّمْعَ | کان/سننا/سننے کی صلاحیت |
| | 56. | سَمِعْنَا | ہم نے سنا |
| | 57. | اَبْصَرْنَا | ہم نے دیکھا |
| | 58. | یُدَبِّرُ | وہ تدبیر کرتا ہے/کرے گا |
| | 59. | ذُوْقُوْا | چکھو |
| 13- سُوْرَۃُ سَبَا | 60. | اَلْحَدِیْدَ | لوہا |
| | 61. | تَمَاثِیْل | تصویریں/مورتیاں |
| | 62. | اَفْتَرٰی | اس نے گھڑ لیا/لی |
| | 63. | یَخْرُجُ | وہ نکلتا ہے/نکلے گا |
| | 64. | یَعْرُجُ | وہ بلند ہوتا ہے/ہو گا |
| 14- | 65. | اَلْغَرُوْرُ | دھوکے باز |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سُوْرَةُ فَاطِرٍ | .66 | يَمْكُرُوْنَ | چالیں چلتے ہیں/ چلیں گے |
| | .67 | يَخْشٰى | ڈرتا ہے/ڈرے گا |
| -15 سُوْرَةُ يٰسٓ | .68 | صِرَاطٌ | راستہ |
| | .69 | مُسْتَقِيْمٍ | سیدھا |
| | .70 | اَغْشَيْنَا | ہم نے ڈھانپ دیا |
| | .71 | يَسْتَهْزِءُوْنَ | وہ مذاق اڑاتے ہیں/اڑائیں گے |
| | .72 | مُبِين | واضح |
| -16 سُوْرَةُ صٓ | .73 | شِقَاق | مخالفت |
| | .74 | كَذَّابٌ | جھوٹا |
| | .75 | اَهْلَكْنَا | ہم نے ہلاک کیا |
| | .76 | عَجِّلْ | جلدی کر |
| -17 سُوْرَةُ الْأَحْقَافِ | .77 | غٰفِلُوْنَ | لاپرواہ/بے خبر |
| | .78 | اَعْدَآءً | دشمن |
| | .79 | شَهِدَ | اس نے گواہی دی |
| | .80 | اِسْتَكْبَرْتُمْ | تم نے تکبر کیا |

# شاملِ نصاب سورتوں میں موجود مضامین کا ضمیمہ

جماعت نہم کے لیے مختص سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی درج ذیل مضامین شاملِ نصاب ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| I. | سورۃ مریم: | حضرت مریم و عیسیٰ علیہما السلام کا واقعہ |
| II. | سورۃ طٰہٰ: | حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ |
| III. | سورۃ الانبیآء: | حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ |
| IV. | سورۃ الحج: | مناسکِ حج اور قربانی کا فلسفہ |
| V. | سورۃ الفرقان: | عبادالرحمٰن کی صفات |
| VI. | سورۃ الشعرآء: | انبیاءِ کرام علیہم السلام کی تبلیغ کی مشترکہ تعلیمات |
| VII. | سورۃ النمل: | حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکہ سبا کا واقعہ |
| VIII. | سورۃ القصص: | قارون کا واقعہ |
| IX. | سورۃ العنکبوت: | ایمان اور آزمائش کا باہمی تعلق، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت لوط، حضرت شعیب اور حضرت موسیٰ علیہم السلام پر آنے والی آزمائشوں کے تناظر میں۔ |
| X. | سورۃ الروم: | آیاتِ الٰہیہ |
| XI. | سورۃ لقمٰن: | حضرت لقمان علیہ السلام کے نصائح |
| XII. | سورۃ السجدۃ: | آخرت کے دلائل، منکرینِ آخرت کے شبہات اور ان کے جوابات |
| XIII. | سورۃ سبا: | قومِ سبا کے واقعات |
| XIV. | سورۃ فاطر: | قدرتِ الٰہیہ کی نشانیاں |
| XV. | سورۃ یٰسٓ: | فرماں برداروں اور نافرمانوں کے عالمِ آخرت میں انجام کا احوال |
| XVI. | سورۃ صٓ: | حضرت داؤد، حضرت سلیمان اور حضرت ایوب علیہم السلام پر عنایات |
| XVII. | سورۃ الاحقاف: | جنات کے ایمان لانے کا واقعہ |

# پرچہ ترجمۂ قرآنِ مجید کا خاکہ

**حصہ اول۔ معروضی سوالات (MCQs) (10 نمبر)**

- شاملِ نصاب سترہ (17) سورتوں کے تعارف اور شانِ نزول پر مبنی آٹھ معروضی سوالات (MCQs) حصہ اول میں شامل ہوں گے۔
- جماعت نہم کے لیے مختص سورتوں میں سے منتخب کردہ اسی (80) الفاظ پر مبنی دو معروضی سوالات (MCQs) حصہ اول میں شامل ہوں گے۔

**حصہ دوم۔ مختصر جواب والے سوالات (SRQs) (24 نمبر)**

**(الف):** شاملِ نصاب سورتوں کے تعارف اور شانِ نزول پر مبنی پانچ مختصر جواب والے سوالات (SRQs) حصہ دوم میں پوچھے جائیں گے۔ ہر سوال دو نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ (5x2=10)

**(ب)** : شاملِ نصاب سورتوں میں سے منتخب کردہ اسی (80) الفاظ پر مبنی پانچ الفاظ کے معانی حصہ دوم میں پوچھے جائیں گے۔ (1x5=5)

**(ج):** شاملِ نصاب سورتوں کی آیات اور ان کے ترجمہ کے مفہوم پر مبنی تین تین نمبر کے تین سوالات حصہ دوم میں دیے جائیں گے۔ (3x3=9)

**حصہ سوم۔ تفصیلی جواب والے سوالات (ERQs) (16 نمبر)**

شاملِ نصاب سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی منتخب مضامین میں سے دو تفصیلی سوالات حصہ سوم میں دیے جائیں گے۔ ہر سوال کے آٹھ (8) نمبر ہوں گے۔ (8x2=16)

ماڈل پیپر ترجمہ قرآنِ مجید ایس ایس سی-I (برائے سیشن 2025-26 ومابعد )

قومی نصاب 2022-23

(Inclusive Scheme of Studies 2024)

کل نمبر 50

وقت 2:30 گھنٹے

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

حصہ اول (کل نمبر 10)

وقت: 15 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section is to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. *Do not use lead pencil*.

حصہ اول لازمی ہے اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست جواب کے لیے متعلقہ دائرہ پر کریں۔ (10x1=10)

| نمبر شمار | سوالات | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | شِقَاق کے معنی ہیں: | مخالفت | شک | راستہ | سخت | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| ii. | اَلسَّمْعَ کے معنی ہیں: | سننا | دیکھنا | سوچنا | بولنا | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| iii. | پہلی بار جہاد کا حکم دیا گیا: | سورہ طٰہٰ میں | سورہ یٰسین میں | سورہ مریم میں | سورہ حج میں | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| iv. | النمل کے معنی ہیں: | مکھی | چیونٹی | بلبل | شہد کی مکھی | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| v. | سورہ مبارکہ کی تلاوت سن کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا: | سورہ مریم | سورہ حج | سورہ طٰہٰ | سورہ روم | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| vi. | اپنی قوم کو ساڑھے نو سو سال تبلیغ کی: | حضرت آدم علیہ السلام | حضرت نوح علیہ السلام | حضرت ھود علیہ السلام | حضرت لوط علیہ السلام | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| vii. | سورہ لقمان کے مطابق حضرت لقمان علیہ السلام نے کسے نصیحتیں کیں؟ | بھائی | شاگرد | دوست | بیٹا | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| viii. | حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے: | حضرت اسحٰق علیہ السلام | حضرت یوسف علیہ السلام | حضرت سلیمان علیہ السلام | حضرت یحیٰ علیہ السلام | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| ix. | قرآنِ مجید کا دل ہے: | سورہ مریم | سورہ طٰہٰ | سورہ سجدہ | سورہ یٰسٓ | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |
| x. | قارون کا عبرت ناک واقعہ بیان کیا گیا ہے: | سورہ قصص | سورہ نمل | سورہ سبا | سورہ روم | ◯ | ◯ | ◯ | ◯ |

**درست جوابات:**

| i | Ii | iii | iv | v | vi | vii | viii | ix | x |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **الف** | **الف** | **د** | **ب** | **ج** | **ب** | **د** | **ج** | **د** | **الف** |

وقت 2:15 گھنٹے | کل نمبر: 40

**نوٹ: حصہ دوم اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔**

## حصہ دوم (کل نمبر 24)

**سوال نمبر 2۔ (الف) درج ذیل تمام سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔** (5x2=10)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | سورہ مریم کے کوئی سے چار موضوعات تحریر کریں؟ | 1+1 | یا | جنات کے ایمان لانے کا واقعہ تحریر کریں۔ | 2 |
| ii. | سورہ ''ص'' کی روشنی میں مشرکین کے کوئی سے دو اعتراضات لکھیں؟ | 1+1 | یا | سورہ ''عنکبوت'' میں شرک کی تردید کے لیے کون سی مثال دی گئی ہے؟ | 1+1 |
| iii. | سورۃ الحج کی وجہ تسمیہ لکھیں۔ | 2 | یا | سورۃ الشعرآء کی روشنی میں انبیاء علیہم السلام کی تبلیغ کے دو مشترکہ نکات تحریر کریں؟ | 1+1 |
| iv. | نماز کن کن چیزوں سے روکتی ہے؟ | 2 | یا | سورہ روم کا شانِ نزول مختصراً تحریر کریں۔ | 2 |
| v. | سورہ یٰسٓ کا شانِ نزول تحریر کریں۔ | 2 | یا | سورہ سجدہ کا مختصر تعارف تحریر کریں۔ | 2 |

**(ب)۔ درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔** (5x1= 5)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| i- بَيْضَاۤءَ | ii- يَنْصُرُ | iii- يُوْقِنُوْنَ | iv- عَجِّلْ | v- فُؤَادُ |

**(ج)۔ درج ذیل آیات اور ان کا ترجمہ پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** (3x3=9)

| | | |
|---|---|---|
| i. | إِنِّی أَنَا رَبُّکَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ إِنَّکَ بِالْوادِ الْمُقَدَّسِ طُوًیْ ۝ وَ أَنَا اخْتَرْتُکَ فَاسْتَمِعْ لِما یُوحٰی ۝<br>ترجمہ: بے شک میں ہی تمہارا رب ہوں تو تم اپنے جوتے اتار دو بے شک تم مقدس وادیٔ طویٰ میں ہو اور میں نے تمہیں (رسول) چن لیا ہے تو اسے غور سے سنو جو وحی کی جارہی ہے۔ | ۱۔ کس مقدس جگہ کا ذکر ہے؟ (01)<br>۲۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کن دو باتوں کا حکم دیا ہے؟ (02) |
| | یا | |
| | وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی ٱلزَّبُورِ مِنۢ بَعْدِ ٱلذِّكْرِ أَنَّ ٱلْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِیَ ٱلصَّٰلِحُونَ ۝<br>ترجمہ: اور یقیناً زبور میں ہم نصیحت کے بعد لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے۔ | ۱۔ کس آسمانی کتاب کا نام ذکر ہوا ہے؟ (01)<br>۲۔ کن بندوں سے کس چیز کا وعدہ کیا گیا ہے؟ (02) |
| ii | وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِکْمَةَ اَنِ اشْکُرْ لِلّٰہِ ؕ وَمَنْ یَّشْکُرْ فَاِنَّمَا یَشْکُرُ لِنَفْسِہٖ ۚ وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ۝ | ۱۔ شکر گزار کے شکر کا فائدہ کسے ہوتا ہے؟ (01) |

| | | |
|---|---|---|
| | **ترجمہ:** اور یقیناً ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی کہ اللہ کا شکر ادا کرتے رہیں اور جو شخص شکر کرتا ہے تو وہ اپنے ہی فائدہ کے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز بہت تعریفوں والا ہے۔ | ۲۔ ناشکری کا کیا نتیجہ بیان ہوا ہے؟ (01)<br>۳۔ حضرت لقمان علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سی نعمت عطا کی ہے؟ (01) |
| | **یا** | |
| | قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝<br>**ترجمہ:** آپ فرمادیں کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا ہے جنھیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو مجھے دکھادو کہ انھوں نے زمین سے کیا چیز پیدا کی ہے؟ یا آسمانوں میں ان کا کوئی حصہ ہے؟ یا ہم نے انھیں کوئی کتاب عطا کی ہے کہ وہ اس کی کسی دلیل پر قائم ہیں؟ بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے سے صرف دھوکا (کی باتوں) کا وعدہ کرتے ہیں۔ | ا۔ ظالم لوگ ایک دوسرے سے کیا وعدہ کرتے ہیں؟ (01)<br>۲۔ شرک کے متعلق پوچھے گئے سوالات میں سے دو لکھیں۔ (02) |
| iii | وَالَّذِينَ إِذَا أَنفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ۝<br>**ترجمہ:** اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ کنجوسی کرتے ہیں اور ان کا خرچ ان دونوں کے درمیان اعتدال پر ہوتا ہے۔ | ا۔ کن دو کاموں سے بچنے کی تعلیم دی گئی ہے؟ (02)<br>۲۔ کس صفت کو اختیار کرنے کی ترغیب دی گئی ہے؟ (01) |
| | **یا** | |
| | وَجاءَمِن أَقصَا المَدينَةِ رَجُلٌ يَسعىٰ قالَ يٰقَومِ اتَّبِعُوا المُرسَلينَ ۝ اتَّبِعُوا مَن لا يَسـَٔلُكُم أَجرًا وَهُم مُهتَدونَ ۝<br>**ترجمہ:** اور شہر کے آخری کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے میری قوم رسولوں کی پیروی کرو۔ ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اور وہ ہدایت پر ہیں۔ | ا۔ شہر کے کنارے سے آنے والے شخص نے اپنی قوم سے کیا کہا؟ (01)<br>۲۔ ان دو آیات میں انبیاء کرام علیہم السلام کی کن دو صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟ (02) |

## حصہ سوم (کل نمبر 16)

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔** (8× 2 = 16)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **سوال۔3** | سورہ ص کی روشنی میں حضرت داؤد، حضرت سلیمان اور حضرت ایوب علیہم السلام پر عنایات تفصیل سے لکھیں۔ | 3+3+2 | **یا** | قربانی کا فلسفہ اور مناسک حج لکھیں۔ | 2+6 |
| **سوال۔4** | سورہ مریم کی روشنی میں حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہا السلام کا واقعہ تحریر کریں۔ | 8 | **یا** | سورہ طٰہٰ کی روشنی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ تحریر کریں۔ | 8 |

حصہ اول

## Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (MCQs)

| Q. No.1 | دائرہ کار کا ذیلی عنوان(سورت کا نام) | حاصلِ تعلم(SLO STATEMENT) | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| i. | سورہ صٓ | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-02] |
| ii. | سورہ سجدہ | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-02] |
| iii. | سورہ حج | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| iv. | سورہ نمل | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| v. | سورہ طٰہٰ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| vi. | سورہ العنکبوت | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| vii. | سورہ لقمان | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| viii. | سورہ صٓ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| ix. | سورہ یٰسٓ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| x. | سورہ قصص | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |

## حصہ دوم

## Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (SRQs)

| Q. No.2 الف | دائرہ کار کا ذیلی عنوان (سورت کا نام) | (SLO STATEMENT) حاصلِ تعلم | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| i. | سورہ مریم | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-02] |
| | | یا | |
| | سورہ احقاف | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-02] |
| ii. | سورہ صٓ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| | | یا | |
| | سورہ عنکبوت | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| iii. | سورہ حج | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| | | یا | |
| | سورہ الشعرآء | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| iv. | سورہ عنکبوت | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| | | یا | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سورہ روم | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| v. | سورہ یٰسٓ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| | | یا | |
| | سورہ سجدہ | سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01] |
| Q.NO.2<br>(ب) | | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-02] |
| Q.NO.2<br>(ج)<br>i. | سورہ طٰہٰ | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |
| | | یا | |
| Q.NO.2<br>(ج)<br>i. | سورہ انبیاء | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |
| Q.NO.2<br>(ج)<br>ii. | سورہ لقمان | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |
| | | یا | |
| Q.NO.2<br>(ج)<br>ii. | سورہ احقاف | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Q.NO.2<br>(ج)<br>iii. | سورہ فرقان | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |
| | | یا | |
| Q.NO.2<br>(ج)<br>iii. | سورہ یٰسٓ | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03] |

## حصہ سوم

## Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (ERQs)

| Q. No. | دائرہ کار کا ذیلی عنوان (سورت کا نام) | حاصلِ تعلم (SLO STATEMENT) | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| 3 | سورہ صٓ | سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-04] |
| | | یا | |
| | سورہ حج | سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-04] |
| 4 | سورہ مریم | سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-04] |
| | | یا | |
| | سورہ طٰہٰ | سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-04] |

## Table of Specification (ToS)

### Model Question paper Tarjuma Quran- Grade IX (SSC-1)

| فی صد | کل نمبر | [SLO:I-09-A-04]<br>سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | [SLO: I -09-A-03]<br>مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO: I-09-A-02]<br>سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔ | [SLO: I -09-A-01]<br>مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شان نزول جان سکیں۔ | مہارت<br>وقوفی سطح |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 34% | 29 | | | Q1(i)=1<br>Q1(ii) =1<br>Q2ب(i-v)=5 | Q1(iii)=1 ,Q1(iv)=1 ,<br>, Q1(v)=1 , Q1(vi)=1 ,<br>Q1(vii)=1 ,Q1(viii)=1 ,<br>Q1(ix)=1 , Q1(x)=1 ,<br>Q2الف(i/f)=2 , Q2الف(i/s)=2 ,<br>Q2الف(iii/f)=2 ,Q2الف(iii/s)=2<br>,Q2الف(iv/s)=2 , Q2الف(v/f)=2<br>Q2الف(v/s)=2 , | جاننا |
| 49% | 42 | Q3(f)=8<br>Q4(f)=8<br>Q4(s)=8 | Q2ج(i/f)=3<br>Q2ج(i/s)=3<br>Q2ج(ii/f)=3<br>Q2ج(ii/s)=3<br>Q2ج(iii/f)=3<br>Q2ج(iii/s)=3 | | | سمجھنا |
| 17% | 14 | Q3(s)=8 | | | Q2الف(ii/f)=2<br>Q2الف(ii/s)=2<br>Q2الف(iv/f)=2 | اطلاق/لاگو کرنا |
| 100% | 85 | 32 | 18 | 07 | 28 | کل نمبر |

Note:

1. This ToS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2. Proportionate / equitable representation of the content areas as per the defined ranges may be ensured.
3. The percentage of cognitive level is 30%, 50%, and 20% for knowledge, understanding, and application, respectively with ± 5% variation.
4. While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:
   i. Difficulty levels of both questions should also be same
   ii. SLOs of both the alternative questions must be different

Key:

i. Question Number (part/ first choice) marks example: Q2 ( i / f ) 2

ii. Question Number (part/ second choice) marks example: Q2 ( i / s) 2